ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (555)

مورخہ 18.10.23

## بہاولپور(        )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی، پولیس نے 15 ماہ سے گھر سے ناراض ہو کر نکلنے والے بیٹے کو ڈھونڈ کر ورثا کے حوالے کر دیا۔والدین کا ڈی پی او بہاولپور کو خراج تحسین

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی زیر کمانڈ تھانہ کینٹ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر عرصہ تقریبا 15 ماہ سے لا پتہ احسان یاسین کو ڈھونڈ کر ورثا کے حوالے کر دیا۔واضح رہے کہ مورخہ 23.06.22 کو محمد عمران یاسین نے تھانہ کینٹ میں اپنے بھائی کے اغوا کا مقدمہ درج کروایا تھا جو کہ بہاولپور پولیس کے لئے ایک بڑا چیلنج بن گیا تھا، جس پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے تھانہ کینٹ پولیس کو اس بابت احکامات جاری کئے ۔تھانہ کینٹ پولیس کے سراج تبسم ایس آئی، سید سجاد نقوی ایس آئی اور ضیا الحق ایس آئی نے مسلسل دن رات کی انتھک محنت کے بعد احسان یاسین کو لاہور اور ڈی جی خان سے ڈھونڈ کر اس کے والد کے حوالے کر دیا۔لا پتہ ہونے والے لڑکے نے اپنے بیان میں کہا کہ مجھے کسی نے اغوا نہیں کیا تھا بلکہ میں خود ہی گھر سے بھاگ کر چلا گیا تھا۔لا پتہ لڑکے کے والد نے بہاولپور پولیس کا شکریہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس، تھانہ کینٹ کے سراج تبسم ایس آئی اور سید سجاد نقوی ایس آئی کو پھولوں کے ہار پہنائے اور اجرک پیش کی ۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے کہا کہ بہاولپور پولیس کیلئے یہ ایک چیلنج اس لیے بھی تھا کہ بچہ اپنی مرضی سے گھر سے گیا تھا اور روپوش ہو گیا تھا۔ جس کو ٹریس کرنا ایک محنت طلب کام تھا۔جس پر پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بچے کو ٹریس کیا اور گھر والوں کے حوالے کیا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر تھانہ کینٹ ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی، 15 ماہ سے لا پتہ بیٹے کو ڈھونڈ کر گھر والوں کے حوالے کرنے پر والد نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس و دیگر پولیس افسران کو پھولوں کے ہار پہنائے اور اجرک کا تحفہ پیش کیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(556)

18.10.2023

**بہاولپور(          )وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں میں متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں میں پولیس نے متعدد مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے گرفتار 10 ملزمان کے قبضہ سے 277 لیٹر دیسی شراب معہ لہن اور 08 کلو 230 گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ اوچشریف پولیس نے قحبہ خانے کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 02 خواتین سمیت 05 ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:وزیراعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں وقحبہ خانوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں متعدد ملزمان گرفتار،منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں منشیات برآمد